# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu News Bulletin**

**Dated : 01 September 2026**

**Time : 12:30 PM**

آداب
یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں مشاہد حسین

کرغستان

کرغستان کے دارالخلافہ بشکیک میں 26 واں شنگھائی تعاون تنظیم کا سربراہ اجلاس شروع ہوگیا ہے۔ یہ اجلاس ایس سی او کی 25 ویں سالگراہ کی مناسبت سے منعقد کیا جارہا ہے۔
اجلاس سے وزیراعظم نریندر مودی بھی خطاب کررہے ہیں۔ اپنے خطاب میں وہ سیکورٹی، رابطہ کاری اور دستیاب موقعوں کے مناسب استعمال سے متعلق بھارت کی ترجیحات کا خلاصہ کررہے ہیں۔
اس سے قبل وزیراعظم نے کل بشکیک پہنچنے پر ایس سی او رُکن ممالک کے سربراہوں سے دوطرفہ ملاقات کرکے باہمی دلچسپی کے کئی معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیراعظم نے کل شام چھٹے ورلڈ نومیڈ گیمز کے افتتاحی اجلاس میں بھی شرکت کی۔ دو سال میں ایک بار منعقد کئے جانے والے ان کھیل مقابلوں کے دوران خانہ بدوش، ثقافت، تمدن اور کھیل روایات کا مظاہرہ کیا جاتا ہے۔

پکھواڑہ

کیمیات اور کھادوں کے وزیر جگت پرکاش نڈا نے آج سوچھتا پکھواڑا 2026 کا آغاز کیا۔ 15 ستمبر تک جاری رہنے والے اس پروگرام کے دوران ماحولیات کو تحفظ فراہم کرنے، صفائی ستھرائی کی اہمیت اور پلاسٹک کے استعمال پر روک لگانے کے بارے میں جانکاری عام کی جائے گی۔

ایل جی ریڈ کراس

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے ریڈ کراس کی خدمات کو دور دراز ، پچھڑے اور سرحدی علاقوں میں لوگوں کی دہلیز تک پہنچانے کی ضرورت کو اجاگر کیا ہے ۔ سرینگر میں انڈین ریڈ کراس سوسائٹی کی جے اینڈ کے شاخ کی سالانہ جنرل میٹنگ میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے سبھی اضلاع کے ڈپٹی کمشنروں کو دور دراز علاقوں میں ڈائیگناسٹک سینٹر کھولنے کے امکانات کا جائزہ لینے کی ہدایت دی ۔منوج سنہا نے تپ دق کے مکمل خاتمے کیلئے مشترکہ کوششوں میں سرعت لانے پر بھی زور دیا۔انہوں نے ریڈ کراس سوسائٹی کو نشہ مکت جموں وکشمیر کی تعمیر کیلئے اپنا رول ادا کرنے کیلئے کہا۔میٹنگ کے دوران سوسائٹی کی مجموعی سرگرمیوں کے علاوہ اس کے بجٹ ، آڈٹ ، بلڈ بینکس اور تشخیصی مراکز میں میڈیکل افسروں کی تعیناتی کے عمل کا بھی جائزہ لیا گیا۔اس بارے میں ڈپٹی کمشنروں نے ایل جی کو تفصیلی جانکاری دی ۔

سی ایم ملاقات

سرینگر میں کئی وفود اور شخصیات نے رابطہ دفتر میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقات کی ۔انٹیگریٹڈ ماؤنٹین انسٹیٹیو کے صدر ڈاکٹر رمیش نیگی ، لیڈ سٹریٹجسٹ ڈاکٹر راجن کمار کوترو اور اسکاسٹ کشمیر کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی پر مشتمل ایک وفد نے وزیر اعلیٰ کے ساتھ ملاقات کرکے جموں وکشمیر میں پہاڑوں کو تحفظ فراہم کرنے کے کئی پہلوؤں پر وزیر اعلیٰ کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔آئی آئی ٹی جموں میں کوگنیٹیو سائنس کے ایسوسئیٹ پروفیسر امیتاش اوجھا نے بھی وزیر اعلیٰ کے ساتھ ملاقات کی ۔اس کے علاوہ جے اینڈ کے **Fencer** وشال تھاپر بھی وزیر اعلیٰ سے ملے ۔وشال تھاپر کو **19** ستمبر سے جاپان میں منعقد ہونے والی **20** ویں ایشین گیمز کیلئے منتخب کیا گیا ہے ۔

کھیلو انڈیا

جموں وکشمیر نے مرکزی مالی امداد کے تحت یوٹی میں کھیلو انڈیا پروگرام کو وسعت دینے کیلئے **5** سالہ نقشِ راہ ترتیب دیا ہے ۔اس نقشِ راہ کے مطابق **2026.31** کے دوران مرکز سے ایک ہزار **2** سو کروڑ روپے کی مالی مدد حاصل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے تاکہ یوٹی میں کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم بنانے کے ساتھ ساتھ کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کو ابھارنے میں مدد مل سکے ۔یہ نقش راہ یوٹی سطح کی

کوآرڈی نیشن کمیٹی کی پہلی میٹنگ میں پیش کیا گیا، جس کی صدارت چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کی۔ چیف سیکریٹری نے سبھی اضلاع کے ڈپٹی کمشنروں کو کھیلو انڈیا پروگرام کا 5 سالہ لائحہ عمل مؤثر انداز میں عملانے کی ہدایت دی۔

کرائم برانچ

کرائم برانچ جموں وکشمیر کی اقتصادی جرائم سے متعلق وِنگ نے سال 2016 میں درج کئے گئے ایک معاملے کے تعلق سے باراں پتھر سرینگر کے رہنے والے مشتاق احمد ملک نامی ایک شخص اور اس وقت کے پٹواری، جوکہ اب انتقال کر چکا ہے، کے خلاف سب جج سرینگر کی عدالت میں فردِ جرم داخل کی ہے۔
یہ معاملہ ایک شخص کی شکایت کے بعد درج کیا گیا تھا، جس میں مذکورہ شخص نے دونوں ملزموں کو زمین کے ایک رقبے کو غیر قانونی طور ہڑپنے کا الزام لگایا تھا۔
کرائم برانچ کشمیر نے لوگوں کو ایسے معاملات کے تعلق سے ہوشیار رہنے کا مشورہ دیا ہے۔

ڈی سی گاندربل

ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور نے ضلع اسپتال میں جے اینڈ کے رورل لائیولی ہُڈس مشن کے تحت سیلف ہیلپ گروپ کے ذریعے قائم کئے گئے ریستوراں، ''اُمید کا ذائقہ'' کا معائنہ کرکے وہاں مریضوں، اُن کے تیمارداروں اور اسپتال عملے کو فراہم کی جارہی خدمات کا جائزہ لیا۔
ڈپٹی کمشنر نے سیلف ہیلپ گروپ ممبران کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ خواتین آنٹرپرینورشپ کے شعبے میں غیر معمولی اور اختراعی نوعیت کی کارکردگی کا مظاہرہ کر رہی ہیں۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ